فعل کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ش ۲ بخاری اور مسلم کی روایت کے آگے عبد العزیز کی روایت کا کیا اعتبار *

ش ۳ یعنے اسی طور سے تخریج طحاوی کی مخالف ہی بخاری اور مسلم کی تخریج کے

وَالشَّيْخَيْنِ فَلَمْ يَثْبُتْ عِنْدَ

اور ابوبکر اور عمر کے سو ثابت نہ ہوئی

الْمُحَدِّثِيْنَ بَلْ ثَبَتَ عَنْ عُمَرَ

محدثین کے پاس بلکہ ثابت ہوا محدثین کے پاس عمر سے

خِلَافُهُ كَمَا ذَكَرَهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَيْضًا هٰكَذَا

خلاف اسکا جیسا کہ ذکر کیا ترمذی نے ش ۲ اور اسی طور

ذَكَرَهُ الْحَاكِمُ فِعْلَ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ

ذکر کیا تھا کم بھی رفع یدین کو فعل عشرہ مبشرہ کا ش ۳

وَقَدْ مَرَّ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ الْمُبَارَكِ

اور تحقیق گذر چکا کہ عبد اللہ ابن مبارک نے

قَالَ لَا يَثْبُتُ حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

کہا نہیں صحت کو پہنچی حدیث عبد اللہ ابن مسعود کی

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ

کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

يَرْفَعْ يَدَيْهِ اِلَّا فِيْ اَوَّلِ مَرَّةٍ وَهٰذِهٖ

رفع یدین نہ کیا مگر پہلی بار اور یہ

ش ۲ یعنی حضرت عمر کو مردمی سے رفع یدین کے راویوں میں شمار کیا *

ش ۳ اور عشرہ مبشرہ میں ابوبکر اور عمر بھی داخل ہیں *

فَالظَّاهِرُ اَنَّ الْحَصْرَ لَيْسَ حَقِيْقِيًّا

سو ظاہر ہی یہہ بات کہ یہہ حصر ش ۲ حصر حقیقی نہین

بَلْ اِضَافِيٌّ مَعَ اَنَّ فِی النَّسْخِ

بلکہ حصر اضافی ہی ش ۳ باوجود اسکے کہ مشہور

الْمُتَدَاوَلَةِ لِلْمُصَنِّفِ مَا يَتَأَدّٰی

کتابون مین ابو بکر بن ابی شیبہ کی وہ عبارت ہی

بِخِلَافِ ذٰلِكَ وَهُوَ

کہ حاصل ہوتی ہی بخلاف اس عبارت کے ش ۴ اور وہ یہہ ہی

مَا رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ بِلَفْظِ

جو روایت کیا اسکو ابن عباس نے اس عبارت سے

تُرْفَعُ الْاَيْدِيْ فِيْ سَبْعَةِ مَوَاطِنَ اِذَا قَامَ

کہ اٹھایا جاوے ہاتھہ ساتھہ جگہہ ایک تو جب کھڑے رہے

اِلَی الصَّلٰوةِ وَاِذَا رَأَی الْبَيْتَ

کوئی نماز پڑھنے اور دوسرے جب دیکھے بیت اللہ کو

وَعَلَی الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَفِيْ جَمْعٍ وَعِنْدَ

اور صفا پر اور مروہ پر اور مزدلفہ مین اور کنکری مارنے

ش ۲ یعنے جو حصر کہ
قول ابن عباس
سے ان ترفع
الایدی اه نکلتا ہی *
ش ۳ یعنے حصر
حقیقی جب ہوتا کہ
رفع یدین منحصر
ہوتا ساتھہ جگہہ
مین جب رفع یدین
قنوت اور عیدین
مین سوا اس ساتھہ
جگہہ کے ثابت
ہی تو قول سے
ابن عباس کے
رفع یدین رکوع
وغیرہ مین منع
نہین ہو سکتا *
ش ۴ یعنے جو عبارت
کہ استدلال علی
النسخ کی دلیلون
مین وما اخرج ابو بکر
بن ابی شیبہ اه
اوپر مذکور ہوئی *

الْجِمَارِ وَهُوَ لَا يَدُلُّ عَلَى الْحَصْرِ

جاتے ہوں نہیں اور یہہ عبارت اصل کتاب کی ہرگز حصر پر

أَصْلًا كَمَا تَرٰى وَالثَّانِي أَيِ

دلالت نہیں کرتی جیسا دیکھتا ہے تو اور دوسری

الْكَلَامُ فِي ثُبُوْتِ النَّسْخِ

گفتگو یعنے گفتگو ثابت ہونے میں رفع یدین کی

مِنْ هٰذِهِ الدَّلَائِلِ فَنَقُوْلُ هٰذِهِ

منسوخیت کے اس دلیلوں سے سو کہتے ہیں ہم یہ سب

الدَّلَائِلُ كُلُّهَا سِوَى قَوْلِ ابْنِ الزُّبَيْرِ

دلیلیں عدم رفع کی سوائے ابن زبیر کے قول کے

إِنَّهُ كَانَ فِي أَوَّلِ الْإِسْلَامِ فَنُسِخَ وَسِوَى

کہ تھا رفع یدین شروع اسلام میں پھر منسوخ ہوا اور سوائے

قَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَتَرَكَ

ابن مسعود کے قول کے اور چھوڑ دیا حضرت نے

فَتَرَكْنَا إِنَّمَا تَنْتَهِضُ حُجَّةً عَلٰى

سو چھوڑ دیا ہم نے حجت نہیں ہو سکتیں مگر اس شخص پر

مَنْ قَالَ بِوُجُوْبِهٖ فَاِنَّ

کہ قائل ہو وجوب کا رفع یدین کے کیونکہ ایک دفعہ کے

اَلتَّرْکَ مَرَّةً یُنَافِیْهِ وَلَا تَنْتَهِضُ

چھوڑنے سے بھی وجوب باقی نہیں رہتا اور نہیں ہوتیں

حُجَّةً عَلٰی مَنْ یَقُوْلُ بِکَوْنِهٖ سُنَّةً

وہ دلیلیں حجت اس شخص پر کہ قائل ہو رفع یدین کے سنت

مُؤَکَّدَةً فَضْلًا عَلٰی مَنْ ذَهَبَ

موکدہ ہونیکا چہ جائیکہ حجت ہوں اس شخص پر کہ قائل ہو

اِلٰی کَوْنِهٖ سُنَّةً غَیْرَ مُؤَکَّدَةٍ لِاَنَّ السُّنَّةَ

رفع یدین کے سنت غیر موکدہ ہونیکا کیونکہ سنت

اَلْمُؤَکَّدَةَ اَیْضًا رُبَّمَا تَرَکَهُ النَّبِیُّ صلعم

موکدہ بھی کبھی حضرت نے چھوڑ دیا ہے

کَیْفَ وَقَدْ تَقَرَّرَ فِی الْاُصُوْلِ

کیونکر نہ قائل ہو کے ترک سنت موکدہ کے اصول میں تو

اَنَّ الْاِتْیَانَ بِفِعْلٍ بِغَیْرِ

قاعدہ بندھا ہی کر کرنا پیغمبر کا کسی فعل کو ایک دفع بھی

تَرْكِهِ مَرَّةً دَلِيْلُ وُجُوْبِهِ

نہ چھوڑ کر دلیل ہی اس فعلکے وجوب کی

فَلَا بُدَّ مِنَ الْقَوْلِ بِتَرْكِ السُّنَّةِ الْمُؤَكَّدَةِ

پھر تو ضرور رہوا قائل ہونا سنت موکدہ کے ترک کا بھی

اَيْضًا اِلَّا لَيَلْزَمُ الْوُجُوْبُ

تا کہ لازم نہ آوے واجب ہو جانا اسکا اس تقدیر پر باقی نہ ہا

فَلَا تَعَارُضَ بَيْنَ اَحَادِيْثِ

کچھ خلاف درمیان احادیث رفع یدین

الرَّفْعِ وَالتَّرْكِ وَاَمَّا الْاِسْتِدْلَالُ

اور ترک رفع کے ش۲ اور جو دلیل پکڑتے ہیں

بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ صَلَّيْتُ

قول کو عبد اللہ بن مسعود کے نماز پڑھائی میں نے

بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم عَلٰى عَدَمِ

تمکو جیسی نماز رسول صلعم کی آنحضرت صلعم کے عدم

رَفْعِهِ غَيْرُ قَوِيٍّ هٰهُنَا فَاِنَّهُ رُبَّمَا

رفع پر سو قوی نہیں اس مطلب پر کیونکہ بسا اوقات

ش۲ کیونکہ جب رفع یدین احادیث صحیح صریح غیر منسوخہ سے ثابت ہو اور ہم قائل ہوئے اسکے سنت غیر موکدہ ہو نیکے بالغرض اگر عدم رفع کی حدیثیں ثابت بھی ہوں تو کیا قباحت ہی عدم رفع کی حدیث کو حمل کرینگے عدم وجوب و تاکید پر اور رفع کی حدیثکو سنتہ غیر موکدہ ہونے پر *

يُشَبِّهُ فِعْلٌ مُشْتَمِلٌ عَلٰی صِفَاتٍ

تشبیہ دیتے ہین ایک فعلکو جو اسمین کئی صفتین ہوا کرتی ہین

بِفِعْلٍ آخَرَ كَذٰلِكَ بِاعْتِبَارِ

ویسے ہی دوسرے سے ایک فعل سے اعتبار کرکے

اشْتِرَاكِ اَكْثَرِ الصِّفَاتِ وَلَا

شریک ہونے کا اکثر صفتون کے اور پھر کے بھی نہین

يَلْتَفِتُ اِلٰی عَدَمِ اشْتِرَاكِ بَعْضِ

دیکھے نہ مشترک ہونے کی طرف بعض

الصِّفَاتِ سِيَّمَا الْاَعْدَامُ عَلٰی مَا

صفتون کے خصوصا جو صفت کہ عدمی ہوے بنا بر

يَشْهَدُ بِهِ الْوِجْدَانُ السَّلِيْمُ لٰكِنَّ

گواہی دیتی ہے اس بات پر طبع سلیم نے ش ۲ لیکن

الظَّاهِرَ اشْتِرَاكُ الْجَمِيْعِ مَا لَمْ

ظاہر عبارت سے مشترک ہونا تمام صفتون کا

يَقُمْ دَلِيْلٌ عَلٰی خِلَافِهِ

مفہوم ہوتا ہے جبتک قائم نہ ہو دوسری دلیل اسکے خلاف

ش ۲ یعنی اس امر پر طبع سلیم گواہی ہے *

فَقَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رض ظَاهِرٌ فِيْ

تو قول ابن مسعود کا ظاہر الدلالت ہے

عَدَمِ رَفْعِ النَّبِيِّ صلعم وَالْاَحَادِيْثُ

بی صلعم کے عدم رفع میں اور حدیثین رفع یدین کی

السَّابِقَةُ مَنْصُوْصٌ عَلٰى رَفْعِهٖ فَلَا يُعَارِضُهَا

جو گذر چکین نص ہین رفع پر آپ حضرت کے سو معارضہ نہ کر سکیگا ا نکا ش ۲

ش ۲ یعنے رفع یدین کی حدیثون کا *

قَوْلُهٗ عَلٰى تَقْدِيْرِ فَرْضِ التَّعَارُضِ

قول ابن مسعود کا اس تقدیر پر کہ فرض کرین تعارض

بَيْنَهُمَا وَاِلَّا فَلَا وَجْهَ لِلتَّعَارُضِ

درمیان اندونو کے اور نہین تو کچھ وجہ تعارض کی نہین

فَاِنَّ قَوْلَهٗ لَا يَدُلُّ عَلٰى

کیونکہ قول عبداللہ ابن مسعود کا نہین دلالت کرتا اس بات پر کہ

صَلٰوةَ النَّبِيِّ صلعم لَمْ يَكُنْ اِلَّا كَذٰلِكَ

نماز نبی صلعم کی نہ تھی مگر ایسی ہی ش ۳

ش ۳ یعنے بغیر رفع یدین کے *

وَكَذَا حَدِيْثُ بَرَاءِ ابْنِ الْعَازِبِ

اور اسی طور حدیث براء ابن عازب کی

إِنْ سَلَّمْنَا صِحَّةَ قَوْلِهِ

اگر مسلم بھی رکھیں ہم صحیح ہونا اسکے قول کے

ثُمَّ لَا يَعُودُ وَاَعْرَضْنَا عَنِ التَّاوِيْلِ

کہ پھر دوبارا نکرتے اور در گذر کریں مشہور

الْمَشْهُوْرِ اَنَّ مَعْنٰى لَا يَعُوْدُ عَدَمُ الرَّفْعِ

تاویل سے جو یہ ہی کہ معنے لا یعود کے ہاتھ نہ اٹھانا ہی

فِي ابْتِدَاءِ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ كَمَا كَانَ

شروع میں دوسری رکعت کے جیسا تھا

فِي الْاُوْلٰى كَمَا ذَكَرَهُ صَاحِبُ

شروع میں پہلی رکعت کے جیسے کہ مذکور کیا اس تاویل کو صاحب

الْفُتُوْحَاتِ وَنَظَرْنَا اِلَى اسْتِمْرَارِ

فتوحات نے اور خیال کریں ہمیشگی کی طرف

الْمُضَارِعِ الْمُسْتَفَادِ مِنْ قَوْلِهِ لَا يَعُوْدُ

مضارع کی کہ سمجھی جاتی ہی اسکے قول سے لا یعود

بِصِيْغَةِ الْمُضَارِعِ لَا يَدُلُّ

جو مضارع کے صیغہ سے ہی تب بھی نہیں دلالت کرتی

الاعلیٰ ان براء بن العازب

حدیث براء کی اگر اتنی بات ہر کہ براء بن عازب نے

لم یر رفع النبی صلعم ولا یلزم

نہ دیکھا تھا سمجھا کہ نبی صلعم کے اور نہیں لازم آتا

منہ عدم رفعہ مطلقا والمدعی

اس سے ہاتھ نہ اٹھانا حضرت کا مطلق اور جو کوئی دعوی کرتا ہے رفع کا

یثبت برفعہ مرۃ ایضا وقد حکی

ثابت کرتا ہے رفع حضرت نے ایکبار کے رفع سے بھی اور تحقیق نقل کی

بعض الضابطین لاسیما الرافعین

بعضے ضبط میں رکھنے والے احادیث کے خصوصا رفع یدین کرنیوالے

من الصحابۃ وغیرھم ان براء بن

اصحاب میں سے اور اُنکے سوا بھی کہ براء بن

العازب من رواۃ الرفع ایضا والباقی

عازب رفع کے بھی راویوں سے ہی اور باقی

منھا اٰثار الصحابۃ وقد سلف

بیچ دلیلوں عدم رفع کی آثار صحابہ ہیں اور گذر چکا

فِي الْمُقَدِّمَةِ اَنَّ فَهْمَ الصَّحَابِيِّ

مقدمے میں کتاب کے کہ سمجھ صحابی کی

لَيْسَ بِحُجَّةٍ عَلٰى اَنَّهُ لَمْ يُنْقَلْ

حجت نہیں علاوہ اسکے یہ کہ نہ نقل کی گئی

عَنْ اَحَدٍ مِنْهُمُ النَّسْخُ اِلَّا عَنِ ابْنِ

صحابہ میں کے کسی سے منسوخیہ رفع کی مگر جو روایت ہی ابن

الزُّبَيْرِ صَرِيْحًا وَابْنِ مَسْعُوْدٍ اِلْتِزَامًا

زبیر سے صراحۃ اور ابن مسعود سے التزاما ش ۲

بَلْ لَا تَدُلُّ هٰذِهِ الرِّوَايَاتُ عَلٰى اَنَّهُمْ

بلکہ نہیں دلالت کرتین یہ روایتین اسپر بھی کہ وہ صحابہ

لَا يَرْفَعُوْنَ اَبَدًا بَلِ الْمُسْتَفَادُ مِنْ هٰذِهِ

ہمیشہ رفع یدین نہ کرتے تھے بلکہ جو مفہوم ہوتا ہی

الرِّوَايَاتِ هُوَ عَدَمُ الرَّفْعِ فَقَطْ اَيْ

ان روایتوں سے فقط عدم رفع ہی یعنے

لَا دَوَامُهُ وَلَا عَدَمُ دَوَامِهِ

نہ تو مفہوم ہوتا ہی ہمیشہ کا رفع اور نہ تو نہ کرنا رفع کا ہمیشہ

ش ۲ یعنی کسی صحابے سے منسوخیہ رفع یدین کی منقول نہیں اگر ہی تو ابن زبیر سے کہ قول اسکا جو نقل کرتے ہیں و نسخ صراحت دلالت کرتا ہی رفع یدین کے نسخ پر لیکن سند اسکی محدثین کے بیان ناسخ ہیں نا ابن مسعود سے کہ جس کرتے ہیں انسے اس قول کو وترک نہ کرنا اور یہ قول بھی گرچہ صراحت دلالت نہیں کرتا مگر ظاہر عبارت سے لازم ہوتی ہی منسوخیہ کیونکہ معنے اسکے یہ ہیں حضرت کے ترک سے انہنے منسوخیہ سمجھا اور چھوڑ دیا لیکن سمجھ صحابی کی حجت نہیں

وَاِذَا اُضِمَّتْ هٰذِهِ الرِّوَايَاتُ اِلَى

اور جب ملائی جاوین یہہ روایتین عدم رفع کی

الرِّوَايَاتِ الْمُعَارِضَةِ لَهَا الدَّالَّةِ

ان روایتون کے ساتھہ کہ مخالف ہین انکی دلالت کرتی ہین

عَلٰى رَفْعِهِمْ يَثْبُتُ اَنَّهُمْ

رفع یدین پر اصحاب کے ثابت ہوگا یہہ کہ صحابہ نے

رَفَعُوا مَرَّةً وَتَرَكُوا اُخْرٰى وَهُوَ عَيْنُ

کبھی تو رفع یدین کیا اور کبھی نکیا اور یہہ عین

الْمُدَّعٰى وَاَمَّا قَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

مطلب ہے اور جو قول ابن مسعود کا ہے ش ۲

وَتَرَكَ فَتَرَكْنَا فَالْمُسْتَفَادُ

اور ترک کیا حضرت نے سو ہمنے ترک کیا سو مطلب اسکا

مِنْهُ هُوَ اَنَّ النَّبِيَّ صلعم تَرَكَ وَفَهِمْنَا مِنْهُ

یہی ہے کہ نبی صلعم نے ترک کیا اور سمجھا ہمنے اسے

النَّسْخَ فَالنَّسْخُ هُوَ فَهْمُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

منسوخیہ رفع کی پس وہ منسوخیہ ابن مسعود کی ہی سمجھہ ہے ش ۲

ش ۲ یہان سے جواب ہی ابن مسعود کے قول کا ترک فعل کا کر دلالت التزامی اسے نکلتی تھا رفع یدین کی منسوخیہ ہے*

ش ۳ کچھہ حضرت نے کسی سے نہین فرمایا کہ رفع یدین کو مین نے منسوخ کیا اور حضرت کا بھی ترک ہمیشہ کا ثابت نہین ہوا اس قول سے کیونکہ ابن مسعود ہمیشہ ہر وقت

وَقَدْ سَلَفَ اَنَّہٗ لَیْسَ بِحُجَّۃٍ

اور یہہ گذر چکا کہ فہم صحابی حجت نہیں

سِیَّمَا اِذَا خَالَفَہٗ فَہْمُ صَحَابِیٍّ

خصوصا جب اسکے مخالف پڑے سمجھہ دوسرے صحابی کی

آخَرَ وَاَمَّا مَا یُفْہَمُ مِنْ قَوْلِہٖ فَتَرَکْنَا

اور جو سمجھا جاتا ہی قول سے ابن مسعود کے کہ چھوڑ دیا

مِنَ الْاِجْمَاعِ عَلَی التَّرْکِ

ہمنے اجماع ترک پر رفع کے

فَقَوْلُہٗ ظَاہِرٌ فِی الدَّلَالَۃِ عَلَی الْاِجْمَاعِ

سو قول اسکا ظاہر ہی دلالت میں اجماع پر

وَالْاٰثَارُ الْمُعَارِضَۃُ لَہٗ

اور دوسرے صحابہ کے آثار جو مخالف ہیں ابن مسعود کے

نُصُوْصٌ فَلَا یُعَارِضُہَا

قول کے نص ہیں اجماع پر صحابہ کی رفع پر سو نہیں معارض ہوسکتا

وَاَمَّا قَوْلُ ابْنِ الزُّبَیْرِ

ایک کا قول بہت سے آثار کا اور لیکن قول ابن زبیر کا ش ۲

میں ہر مکان میں ساتھہ ہوئیں رہے بلکہ اتنا معلوم ہوتا ہی اس قول سے کہ اول میں ابن مسعود رفع دیکھتے تھے پھر دیکھنا اتفاق نہ ہوا اسے انھوں نے منسوخ سمجھا ہو *

ش ۲ جو اسے ابن زبیر کے قول کا و نسخ کو نص ہی رفع یدین کی منسوخیت پر *

وَنَسَخَ فَهُوَ نَصٌّ فِى النَّسْخِ عَلٰى

اور منسوخ ہوا رفع یدین سو وہ نص ہی منسوخیت میں رفع کی

مَا تَقَرَّرَ فِى الْاُصُوْلِ لٰكِنْ لَمْ يُوْجَدْ

موافق قاعدۂ مقررہ کے اصول میں لیکن نہ پائی گئی

لَهٗ اَصْلٌ عِنْدَ الْمُحَدِّثِيْنَ وَالنَّاسِخُ

اسکی کچھ اصل محدثین کے پاس اور ناسخ کو

لَابُدَّ لَهٗ مِنْ مُسَاوَاتِهٖ لِلْمَنْسُوْخِ

ضرور چاہئے برابری منسوخ کی

فِى الشُّهْرَةِ وَالدَّلَالَةِ فَكَيْفَ يَنْسَخُ

شہرت میں اور دلالت میں سو کیونکر منسوخ ہوئیگی

بِمِثْلِ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ الَّذِىْ هُوَ

مثل قول ابن مسعود سے جو

قَاصِرٌ فِى الدَّلَالَةِ وَبِمِثْلِ هٰذَا الْقَوْلِ

کم ہی دلالت میں اور مثل قول ابن زبیر سے

الَّذِىْ لَا يَعْرِفُهٗ اَحَدٌ مِنَ الثِّقَاتِ

نہیں پہچانتا ہے کو کوئی ثقہ

اَلاَحَادِيْثُ الصَّحِيْحَةُ المَشْهُوْرَةُ

وہ صحیح حدیثین جو مشہور ہیں

رَوَاهَا ثِقَاتٌ عَنْ ثِقَاتٍ وَالْحَاصِلُ

کہ روایت کیا انکو ثقہ محدثون نے ثقہ راویون سے اور حاصل

اَنَّهُ لَمْ يُنْقَلْ فِيْ بَابِ التَّرْكِ اِلَّا

یہ کہ منقول نہ ہوئے ترک رفع کے باب میں مگر

اَفْعَالُ النَّبِيِّ صلعم اَوْ اَفْعَالُ الصَّحَابَةِ

افعال نبی صلعم کے یا افعال صحابہ کے

وَالْفِعْلُ لَا عُمُوْمَ لَهٗ فَلَا يَثْبُتُ اِلَّا

اور فعل کو عموم نہین سو ثابت ہوگا اس فعل سے مگر

تَرْكُهُمْ اَحْيَانًا وَانْضَمَّ اِلَيْهَا

چھوڑنا صحابہ کا کبھی رفع یدین کو اور جب مل گئی حدیثین انکے

اَلْاَحَادِيْثُ وَالْآثَارُ الدَّالَّةُ

وہ حدیثین اور آثار کہ دلالت کرتے ہیں

عَلَى الرَّفْعِ يُفِيْدُ عَيْنَ الْمُدَّعَا

رفع پر فائدہ دیگا ذہ ملانا اصل مدعا کو

إِذْ تَرْكُ السُّنَّةِ الْغَيْرِ الْمُؤَكَّدَةِ لَيْسَ

کیونکہ ترک سنتہ غیر موکدہ کا دلیل منسوخ

نَسْخًا لَهُ بَلْ لَا بُدَّ مِنْ تَرْكِهَا

اسکی منسوخیت پر ناکہ ضرور ہی رسول کو ترک سنتہ غیر موکدہ کا

أَحْيَانًا حَتَّى يَثْبُتَ كَوْنُهَا غَيْرَ مُؤَكَّدَةٍ

کبھی کبھی تا کہ ثابت ہو اسکا غیر موکدہ ہونا

ثُمَّ إِنَّ مِنَ الصَّحَابَةِ مَنْ كَانَ يَتْرُكُ السُّنَنَ

پھر بعضے صحابہ ایسے بھی تھے کہ ترک کرتے سنتوں کو

بِحَضْرَةِ النَّبِيِّ صلعم كَمَا يَدُلُّ

حضور میں نبی صلعم کے جیسا کہ دلالت کرتا ہے

عَلَيْهِ قَوْلُهُ لَهُمْ عِنْدَ

اس بات پر قول حضرت کا صحابہ کے لئے اسوقت میں

قَضَاءِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ مَنْ كَانَ

کہ قضا ہو گئی تھی فرض نماز فجر کی جو کوئی

يُصَلِّي مِنْكُمُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

پڑھتا ہو تم میں سے دو رکعت فجر کے پہلے کی

فَلْيُصَلِّ نَعْلَمُ مِنْ هٰذَا أَنَّهُمْ لَمْ يَكُونُوا كُلُّهُمْ

سو پڑھے سو معلوم ہوا اسسے کہ سب صحابہ

يُصَلُّونَ الرَّكْعَتَيْنِ وَهُمَا

پڑھتے نہ تھے دو رکعت قبل الفجر کی حالانکہ وہ دو رکعت

أَوْكَدُ السُّنَنِ فَكَيْفَ

اور سنتوں سے زیادہ موکدہ ہیں پھر کیا ثابت ہوگا

بِالسُّنَنِ الْغَيْرِ الْمُؤَكَّدَةِ وَكَانَ

ہمیشہ ادا کرنا صحابہ کا غیر موکدہ سنتوں کو اور بعضے

مِنَ الصَّحَابَةِ مَنْ لَا يَثْبُتُ عِنْدَهُ سُنِّيَّتُهُ

صحابہ ایسے تھے کہ نہ ثابت ہوا تھا انکے پاس سنت ہونا رفع یدین کا

فَلَا يَفْعَلُهَا وَلَا يَلْزَمُ

سو وہ ادا نہ کرتے تھے سنت کو رفع کی اور نہیں لازم آتا

مِنْ عَدَمِ فِعْلِهِ بُطْلَانُ سُنِّيَّتِهِ كَمَا قَالَ

اسکے نکرنے سے باطل ہونا اسکے سنت ہونیکا جیسا کہ کہا

أَبُو سُلَيْمَانَ الْخَطَّابِيُّ فَقَدْ يَجُوزُ أَنْ

ابو سلیمان خطابی نے سو جائز ہے یہ

يَذْهَبَ ذٰلِكَ اَيْ رَفْعُ الْيَدَيْنِ عَلَيْهِ

مخفی رہا وہ امر یعنی رفع یدین اس پر

اَيْ عَلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ كَمَا قَدْ ذَهَبَ عَلَيْهِ

یعنی ابن مسعود پر جیسا مخفی رہ گیا اس پر

الْاَخْذُ بِالرُّكْبَةِ فِي الرُّكُوْعِ وَكَانَ

ہاتھ رکھنا گھٹنوں پر رکوع میں اور تمام عمر

يُطَبِّقُ يَدَيْهِ عَلَى الْاَمْرِ الْاَوَّلِ

دونوں ہاتھ ملا کر ران میں رکھتے تھے موافق دستور کے

وَخَالَفَ الصَّحَابَةَ كُلَّهُمْ

اور مخالفت کی ابن مسعود نے سب صحابہ سے

فِيْ ذٰلِكَ الْمَقَامُ السَّادِسُ بَيَانُ عَدَمِ

اس مسئلے میں چھٹا مقام بیان کرنا ہے

الْاِجْمَاعِ عَلَى تَرْكِهٖ وَهُوَ

اجماع نہ ہونے کا ترک رفع پر اور یہ بات

غَنِيٌّ عَنِ الْبَيَانِ فَاِنَّهٗ جَدِيْرٌ

حاجت نہیں رکھتی بیان کی کیونکہ رفع یدین سزاوار ہے

بِاَنْ يُدَّعٰى عَلٰى فِعْلِهِ الْاِجْمَاعُ

کہ کوئی مبالغہ سے دعوی کرے تو کرے کتا ہی اجماع کا

مُبَالَغَةً وَنَحْنُ نَذْكُرُ اَسْمَاءَ بَعْضِ

رفع یدین کرنے پر اور ہم ذکر کرتے ہیں نام بعضوں کے (ش ٢

اَلْقَائِلِيْنَ بِالرَّفْعِ لِيَكُوْنَ اُنْمُوْذَجًا لِمَا

جو قائل ہیں رفع یدین کے تاکہ نمونہ ہو

بَقِيَ فَنَقُوْلُ عَدَّهُ مُحْيِ السُّنَّةِ

باقیوں کے لیے سو ہم کہتے ہیں شمار کیا محی السنہ نے

مِنْهُمْ اَبَا بَكْرٍ وَعَلِيًّا وَالتِّرْمِذِيُّ ابْنَ عُمَرَ

اصحاب سے ابو بکر اور علی کو اور ترمذی نے عبداللہ بن عمر

وَجَابِرَ ابْنَ عَبْدِ اللهِ وَاَبَا هُرَيْرَةَ وَعَبْدَ اللهِ

اور جابر ابن عبد اللہ اور ابو ہریرہ اور عبد اللہ

ابْنَ الزُّبَيْرِ وَعَدَّ التِّرْمِذِيُّ مِنَ التَّابِعِيْنَ

بن زبیر کو اور شمار کیا ترمذی نے تابعین سے

اَلْحَسَنَ الْبَصْرِيَّ وَعَطَاءً وَطَاؤُسًا

جو قائل رفع یدین کے ہیں حسن بصری اور عطاء اور طاؤس

(ش ٢) مبالغہ نام بعضے اصحاب اور تابعین کے ... ہیں رفع ... یدین کے

وَمُجَاهِدًا وَنَافِعًا وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ

اور مجاہد اور نافع اور سالم بن عبد اللہ بن عمر

وَسَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَمُحْيِي السُّنَّةِ ابْنَ

اور سعید بن جبیر کو اور محی السنہ نے محمد ابن

سِيْرِيْنَ وَقَتَادَةَ وَقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ

سیرین اور قتادہ اور قاسم بن محمد

وَمَكْحُوْلًا وَعَدَّ التِّرْمِذِيُّ مِنَ الْفُقَهَاءِ

اور مکحول کو اور شمار کیا ترمذی نے مجتہدین سے جو قائل ہیں رفع کے

عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيَّ

امام عبد اللہ ابن مبارک اور امام شافعی

وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ وَمُحْيِي السُّنَّةِ

اور امام احمد اور امام اسحاق کو اور محی السنہ نے

الْأَوْزَاعِيَّ وَمَالِكًا وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ

امام اوزاعی اور امام مالک کو اور کہا محی السنہ نے

وَهٰذَا قَوْلُ مَالِكٍ فِيْ آخِرِ أَمْرِهٖ

اور یہ قول ہے امام مالک کا انکی اخیر عمر میں

قَدْ ذَهَبَ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ اِلٰى اَنَّ رَفْعَ

کر گئی ہی عقل بعضے عالمونکی اس بات پر کہ ہاتھہ اٹھانا

الْاَیْدِیْ فِیْ صَلٰوةٍ فِیْ هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ

نماز میں اس مواضع مذکورہ میں

وَاجِبٌ کَمَا ذَکَرَهٗ صَاحِبُ الْفُتُوْحَاتِ

واجب ہی جیسا کہ ذکر کیا اسکا صاحب فتوحات نے

وَغَیْرُهٗ وَعِنْدَ اَکْثَرِ اَهْلِ الْعِلْمِ

اور سوا اسکے اور بہت سے عالمون کے پاس

سُنَّةٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبُخَارِیُّ قَالَ

سنت ہی کہا امام ابو عبد اللہ بخاری نے کہا

عَلِیُّ بْنُ الْمَدِیْنِیِّ حَقٌّ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ

علی بن مدنی نے لازم ہی مسلمانون پر

اَنْ یَرْفَعُوْا اَیْدِیَهُمْ بِحَدِیْثِ الزُّهْرِیِّ

رفع یدین کرنا بسبب حدیث زہری کے

عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ وَغَیْرِهِمْ مِمَّا لَا یَسَعُهٗ

سالم سے عبد اللہ بن عمر سے اور سوا اسکے (ش ۲

ش ۲ یعنی سوا ان اصحاب اور تابعین اور مجتہدین کے کہ جنکے نام مذکور ہو چکے *

الْمَقَامُ ذِكْرَهُمْ وَقَدْ تَعَارَضَ

انہیں کہ گنجایش نہیں رکھتا یہ مقام اُنکے ذکر کی اور معارض ہیں

عَنْ بَعْضِهِمُ الْآثَارُ لٰكِنَّ الْمُعَارِضَاتِ

ہوئے ہیں اقوال اُنہی بعضوں کے ش ۲ لیکن معارضات

لَا تَقْوَى مِثْلَ هٰذِهِ الْآثَارِ الَّتِي

قوی نہیں جیسے یہ آثار مذکورہ رفع کے

ذَكَرْنَاهَا مَعَ اَنَّهُ لَا يُنَافِي الْمُدَّعٰى

باوجود اسکے کہ معارضات رفع یدین کے ہمارے دعٰی کے

كَمَا سَلَفَ وَقَالَ ابْنُ الْحَاجِبِ

خلاف نہیں جیسا کہ گذر چکا یہ مضمون اور کہا ابن حاجب

فِي مُخْتَصَرِهِ فِي الْفِقْهِ لَا اَعْرِفُ

اپنی مختصر میں جو کتاب فقہ کی ہے میں نہیں پہچانتا

رَفَعَ الْيَدَيْنِ وَقِيْلَ سُنَّةٌ لٰكِنْ

رفع یدین کو اور دوسروں نے کہا ہے کہ سنت ہے لیکن

قَوِيٌّ رِوَايَةً كَوْنَهُ سُنَّةً بِقَوْلِ

قوی ہے روایت اُسکے سنت ہونے کی قول سے

ش ۲ یعنے اقوال بعض صحابہ اور تابعین اور مجتہدین کے مخالف بھی آئے ہیں ان صحابہ اور تابعین اور مجتہدین کے جو قائل ہیں رفع یدین کے *

مُحْيِي السُّنَّةِ اَنَّ مَالِكًا فِي آخِرِ اَمْرِهٖ

محی السنہ کے کہ امام مالک اپنی اخیر عمر میں

ذَهَبَ اِلٰى سُنِّيَّتِهٖ كَمَا يَدُلُّ

قائل ہوئے ہیں رفع یدین کے سنت ہونیکے جیسا کہ دلالت کرتی ہے

عَلَيْهِ حَدِيْثُ الْمُوَطَّا وَالْمَقَامُ السَّابِعُ اَنَّ

اسپر حدیث موطا مالک کی اور ساتھواں مقام یہ کہ

الْاِدَامَةَ عَلَى السُّنَّةِ الْغَيْرِ الْمُؤَكَّدَةِ

دوام کرنا سنت غیر موکدہ پر

مَمْدُوْحَةٌ يُثَابُ بِهَا لِاِجْمَاعِ السَّلَفِ

اچھی بات ہی ثواب پایگا اس میں واسطے اگلے اور پچھلونکے

وَالْخَلَفِ عَلٰى اَنَّ الْمُدِيْمَ عَلٰى صَلٰوةِ

اجماع کے اس بات پر کہ ہمیشگی کرنے والا

الضُّحٰى مَثَلًا وَالْاِشْرَاقِ وَاَرْبَعِ

چاشت کی نماز پر مثلا اور اشراق کی نماز اور عصر کے

قَبْلَ الْعَصْرِ وَقِرَاءَةِ الطِّوَالِ

پہلے کی چار رکعت پر اور طوال مفصل جو سورتیں

مِنَ الْمُفَصَّلِ اَفْضَلُ مِنْ تَارِكِهَا مَعَ

ہیں انکے پڑھنیوالے بہتر ہیں تارک سے اور سنت کے

اَنَّهَا غَيْرُ مُؤَكَّدَةٍ وَهٰذَا الْمَطْلَبُ

باوجود اسکے کہ یہ سب غیر موکدہ ہیں اور یہہ مضمون

اَظْهَرُ مِنْ اَنْ يُشْتَغَلَ بِاِثْبَاتِهِ

اتنا ظاہر ہے کہ اسکے ثابت کرنے میں مشغول ہونا ضرور نہیں

وَالْمَقَامُ الثَّانِيْ اَنَّ تَارِكَ السُّنَّةِ

اور دوسرا مقام یہہ ہے کہ سنت

الْغَيْرِ الْمُؤَكَّدَةِ غَيْرُ مُلَامٍ وَهُوَ اَيْضًا

غیر موکدہ کا تارک ملامت نہیں کیا جاتا اور یہہ بات بھی

بِالْاِجْمَاعِ عَلٰى اَنَّ تَارِكَ تِلْكَ السُّنَنِ

اجماع سے ہے اسپر کہ تارک ان سنتوں کا سزاوار

غَيْرُ مُلَامٍ وَمَا يَتَوَهَّمُ مِنْ اَنَّ عَدَمَ الرَّفْعِ

ملامت کا نہیں اور جو وہم کرتے ہیں کہ عدم رفع بھی تو

اَيْضًا سُنَّةٌ فَيُثَابُ تَارِكُ الرَّفْعِ اَيْضًا

سنت ہے بھو ثواب پاوے گا تارک رفع بھی

ش ۲ سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک طوال مفصل کہتے ہیں

فَقَدْ مَرَّ ذِكْرُهُ فِي اَوَّلِ الْكَلَامِ اِلَّا اَنْ
سو گذر چکا ذکر جس کا شروع کتاب کے میں مگر

يُرَادَ بِالسُّنَّةِ الطَّرِيقَةُ الْمَسْلُوكَةُ فِي عَهْدِ
یہ کہ ارادہ کیا جاوے سنت سے یہی طریقہ جو برتا گیا

النَّبِيِّ صلعم فَمَعْنَى كَوْنِ الْعَدَمِ
نبی صلعم کے زمانے میں سو معنے عدم کے

سُنَّةً مَعَ كَوْنِ الْفِعْلِ سُنَّةً اَنَّهُ صلعم
سنت ہونے کے باوجود فعل کے سنت ہونے کے یہ ہیں کہ آنحضرت صلعم

كَانَ يَكْتَفِي بِعَدَمِهِ اَيْضًا وَلَا شَكَّ اَنَّ
بس کرتے تھے عدم رفع پر بھی اور کچھ شک نہیں

مِثْلَ هٰذِهِ السُّنَّةِ لَا يُثَابُ فَاعِلُهُ فَاِنَّ
کہ ایسی سنتوں کا فاعل ثواب نہیں پاتا کیونکہ

مُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ اِنَّمَا
دو رکعت پڑھنے والا بعد جمعہ کے بس

يُثَابُ عَلَى الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ صَلَّاهُمَا
ثواب پاوے گا دو رکعت کا جو پڑھے

لَا عَلٰی تَرْكِ الْاٰخَرِیْنِ

نہ کہ ثواب پاوے کا دو رکعت کے چھوڑنے سے ۔

نَعَمْ یَکْفِیْهِ فِی اِتِّبَاعِ النَّبِیِّ صلعم

ہاں بسر کرتے ہیں اسکو تابعداری میں نبی صلعم کی

تِلْكَ الرَّکْعَتَانِ وَمُصَلِّی الْاَرْبَعَةِ

وہ دو رکعت اور چار رکعت پڑھنے والا

فَثَوَابُهٗ اَکْمَلُ مِنْ ثَوَابِ الْاَوَّلِ الْمَقَامُ

سو اسکا ثواب بہت ہی دو اولکے ثواب سے نواں مقام

التَّاسِعُ فِیْ دَفْعِ الْاِعْتِرَاضَاتِ

دور کرنے میں ہی ان اعتراضوں کے

الْوَارِدَةِ عَلَی الرَّافِعِیْنَ الْاِعْتِرَاضَاتُ

جو آتے ہیں رفع یدین کرنے والوں پر اعتراض

الْوَارِدَةُ عَلَیْهِمْ اِمَّا اُوْرِدَتْ عَلَیْهِمْ

کہ آتے ہیں ان لوگوں پر یا تو علی العموم وارد ہیں

عُمُوْمًا اَیْ عَلٰی کُلِّ رَافِعٍ اَوْ خُصُوْصًا

یعنی ہر رفع یدین کرنیوالے پر یا علی الخصوص

أَيْ عَلَى الْحَنَفِيَّةِ مِنْهُمْ أَعْنِي الَّذِيْنَ

یعنے حنفی مذہب کے لوگوں پر اُتماسن سبب یعنے انلوگوں پر

يَرْفَعُوْنَ أَيْدِيَهُمْ وَهُمْ مِنَ الْحَنَفِيَّةِ

کہ اُٹھاتے ہیں اپنے ہاتھ اور وہ مذہب حنفی کے موافق عمل کرتے ہیں

فِيْ أَكْثَرِ الْأَفْعَالِ فَالْأَوَّلُ قَالُوْا

بہت سے کاموں میں پھر پہلے اعتراضات میں یہہ ہیں کہ کہا ہی

شق ۲ یعنے اعتراضات علی العموم سبھی ہاتھ اُٹھانے والوں پر*

أَقْوَى الرِّوَايَاتِ الَّتِيْ اسْتَدَلَّ بِهَا

جتنی روایتیں کہ دلیل پکڑتے ہیں

الرَّافِعُوْنَ حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ

رفع یدین کرنیوالے سب سے قوی ہی حدیث زہری کی

عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ كَمَا سَلَفَ فِيْ

سالم سے ابن عمر سے جیسا کہ گذر چکا یہہ مضمون

قَوْلِ ابْنِ الْمَدِيْنِيِّ حَقٌّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

قول میں امام مدینی کے لازم ہی مسلمانوں پر

أَنْ يَرْفَعُوْا أَيْدِيَهُمْ لِحَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ

رفع یدین کرنا زہری کی حدیث کے واسطے

وَقَدْ قَالَ مُجَاهِدٌ اَنَّهٗ صَلّٰی مَعَ ابْنِ عُمَرَ

اور مجاہد نے کہا ہے کہ میں نے نماز پڑھی ابن عمر کے ساتھ

فَلَمْ يَرْفَعْ اَيِ ابْنُ عُمَرَ يَدَيْهِ اِلَّا اَوَّلَ مَرَّةٍ

سو نہ اٹھایا یعنے ابن عمر نے اپنے ہاتھ سوا پہلی بار کے

وَقَدْ تَقَرَّرَ اَنَّ صَحَابِيًّا اِذَا رَوٰى

اور مقرر ہو چکا ہے کہ صحابی جب روایت کرے

حَدِيْثًا وَلَمْ يَعْمَلْ بِهٖ سَقَطَ الْحَدِيْثُ

کسی حدیث کو اور خود عمل نکرے اسپر تو ساقط ہوتی ہی حدیث

مِنَ الْحُجَّةِ فَنُجِيْبُهُمْ اَنَّهٗ اِنَّمَا

حجت ہونے سے سو ہم جواب دیتے ہیں کہ قول مجاہد کا

يَنْتَهِضُ عَلَيْنَا لَوْ قُلْنَا

اس صورت میں حجت ہو سکتا ہمپر کہ ہم قائل ہوتے اسبات کے

اِنَّ ابْنَ عُمَرَ رَوٰى وُجُوْبَ الرَّفْعِ

کہ ابن عمر نے روایت کیا رفع یدین کے واجب ہونیکو

وَنَحْنُ لَا نَقُوْلُ بِهٖ لِاَنَّ مُجَاهِدًا

اور ہم قائل وجوب کے نہیں ہیں اس لئے کہ مجاہد نے ۔

إِنَّمَا حَكَى فِعْلَ ابْنِ عُمَرَ وَلَا

تو بس حکایت کیا ابن عمر کے فعل کو اور فعل کو

عُمُوْمَ لَهٗ فَاِنَّهٗ لَمْ يَقُلْ اِنَّهٗ كَانَ

عموم نہیں کیونکہ مجاہد نے نہیں کہا ابن عمر رفع یدین

لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ اَبَدًا بَلْ اِنَّمَا حَكَى صَلٰوةً

نہ کرتا ہمیشہ بلکہ حکایت کیا کسی خاص نماز کو

مَخْصُوْصَةً عَلٰى اَنَّهٗ قَدْ سَبَقَ حَدِيْثُ

علاوہ اس پر یہ کہ اوپر گذر چکی حدیث

سَالِمٍ وَنَافِعٍ اَنَّهٗ صَلّٰى ابْنُ عُمَرَ

سالم کی اور نافع کی کہ نماز پڑھی ابن عمر نے

فَرَفَعَ يَدَيْهِ اهـ وَهُوَ حَدِيْثٌ مَشْهُوْرٌ

پھر رفع یدین کیا آخر تک اور وہ حدیث مشہور ہے

فَاِذَا اجْتَمَعْنَا كِلَا الْاَثَرَيْنِ

پھر جب جمع کریں ہم مجاہد کے قول کو اور سالم و نافع

حَصَلَ مَطْلُوْبُنَا وَهُوَ اَنَّهٗ رَفَعَ مَرَّةً

کے قول کو تو حاصل ہوگا مقصود ہمارا کہ ابن عمر نے کبھی

وَتَرَكَ اُخْرٰى فَصَارَ دَلِيْلُكُمْ حُجَّةً لَنَا
رفع یدین کیا اور کبھی نہ کیا سو ہوئی تمھاری دلیل ہماری دلیل
لَا عَلَيْنَا وَقَالُوْا اَيْضًا اِنَّهٗ لَمْ يَكُنْ
نہ ہم پر اور یہ بھی کہا ہے کہ رفع یدین مشہور
مَشْهُوْرًا فِيْ قَرْنِ الصَّحَابَةِ وَكَانَ
تھا زمانے میں صحابہ کے اور نہ کرتے
لَا يَفْعَلُ اَكْثَرُهُمْ بَلْ اِنَّمَا يَفْعَلُهٗ
تھے اکثر صحابہ بلکہ بعضے کرتے تھے
بَعْضُهُمْ اَحْيَانًا عَلٰى مَا يَدُلُّ عَلَيْهِ قَوْلُ
کبھی کبھی بنا اسکے کہ دلالت کرتا ہے اس بات پر
مَيْمُوْنٍ لِابْنِ عَبَّاسٍ اِنِّيْ رَاَيْتُ ابْنَ
میمون مکی کا کہنا ابن عباس کو میں نے دیکھا ابن
الزُّبَيْرِ صَلّٰى صَلٰوةً لَمْ اَرَ اَحَدًا يُصَلِّيْهَا
زبیر کو ایسی نماز پڑھتے کہ نہ دیکھا کسی کو پڑھتے
وَلَوْ كَانَ هٰذِهِ السُّنَّةُ غَيْرَ مَنْسُوْخَةٍ
اور اگر ہوتا رفع یدین سنت غیر منسوخہ

لَا اسْتِبْعَادَ اَنْ يَتْرُكَهَا الْاَكْثَرُوْنَ

تو دوری عقل سے رفع یدین چھوڑ دینا اکثر لوگوں کا

فَنُجِيْبُهُمْ بِمَنْعِ لُزُوْمِ ذٰلِكَ مِنْ

جواب ہم دیتے ہیں کہ لازم نہیں آتا ممنوع ہونا

عَدَمِ رُؤْيَةِ مَيْمُوْنٍ اَحَدًا يَفْعَلُهَا

نہ دیکھنے سے میمون کے کسیکو رفع یدین کرتے ہوئے

لِاَنَّ مَيْمُوْنًا لَمْ يَرَ صُحْبَةَ الْكِبَارِ

کیونکہ میمون نے نہیں دیکھا صحبۃ اصحاب کبار کی

الصَّحَابَةِ وَلَمْ يَثْبُتْ رِوَايَتُهُ عَنْهُمْ

اور ثابت نہوا روایت کرنا میمون کا انسے

غَايَةُ مَا فِي الْبَابِ اَنَّهُ يَثْبُتُ

نہایت درجہ یہی کہ قول سے میمون کے ثابت ہوگا

غَرَابَةُ هٰذَا الْفِعْلِ فِيْ قَرْنِ التَّابِعِيْنَ

نادر ہوجانا رفع یدین کا زمانے میں تابعین کے

وَلَا اسْتِبْعَادَ فِيْ خِفَاءِ سُنَّةٍ

اور عقل سے کچھ دور نہیں ہی چھوٹ جانا کسی سنت کا

فِيهِ كَمَا خَفِيَ التَّكْبِيرُ عِنْدَ كُلِّ خَفْضٍ

اسنے میں تابعین کے جیسا چھپ گیا تھا اللہ اکبر کہنا ہر خفض

وَرَفْعٍ فِي الصَّلٰوةِ فِي هٰذَا الْقَرْنِ

اور رفع کے وقت نماز میں (ش ۲) جو اب یہ عمل ہی اس زمانے میں

كَمَا يَدُلُّ عَلَيْهِ مَا أَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ

جیسا کہ دلالت کرتی ہی اس بات پر جو حدیث کہ بخاری نے نکالا

عَنْ عِكْرِمَةَ وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْ مَيْمُونٍ

عکرمہ سے اور وہ میمون سے بڑا عالم ہی

أَنَّهُ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ حِينَ رَأَى

کہ عکرمہ نے کہا ابن عباس کو جب دیکھا اسنے

رَجُلًا يُصَلِّي وَيُكَبِّرُ ثَلٰثَةً وَعِشْرِينَ

ایک مرد کو نماز پڑھتے اور اللہ اکبر کہتے تئیس بار

تَكْبِيرَةً إِنَّهُ أَحْمَقُ عَلَى أَنَّ هٰذَا

بیشک وہ شخص احمق ہی علاوہ

الْقَوْلَ اسْتَأْنَسَ مِنْ كَلَامِ مَيْمُونٍ

یہہ کہ یہہ بات (ش ۳) پیدا ہوئی کلام سے میمون کے

ش ۲ یعنی تابعین کے زمانے میں *

ش ۳ یعنی رفع یدین کم کرنا زمانے میں تابعین کے *

وَهُوَ يُعَارِضُ الرِّوَايَاتِ الْمَذْكُورَةَ

اور وہ مخالف ہیں اُن روایتوں سے جو مذکور ہو چکیں

الصَّرِيْحَةَ الدَّالَّةَ عَلَى اتِّفَاقِ جَمْعٍ

صاف دلالت کرتی ہیں اتفاق پر جماعت

كَثِيرٍ مِنَ الصَّحَابَةِ وَجَمٍّ غَفِيرٍ مِنَ

کثیر کے صحابہ سے اور اتفاق پر بہت

التَّابِعِيْنَ عَلَيْهِ وَقَالُوا أَيْضًا إِنَّ

تابعین کے رفع یدین کرنے پر اور یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ

ابْنَ مَسْعُودٍ مَعَ وُسْعَةِ عِلْمِهِ وَعُلُوِّ قَدْرِهِ

ابن مسعود باوجود اتنے بڑے علم اور اتنے بلند مرتبہ کے

وَدَوَامِ صُحْبَتِهِ مَعَ النَّبِيِّ صلعم

اور باوجود ہمیشہ حضرت کی صحبت پانے

وَكَثْرَةِ اجْتِهَادِهِ كَانَ مُنْكِرًا

اور باوجود کثرت اجتہاد کے قائل نہ تھے رفع یدین کے

لِسُنِّيَّتِهِ وَكَذَا يُحْكَى عَنْ عَلِيٍّ

سنت ہونیکے اور اسی طور سے روایت ہے علی سے

فَلَوْ كَانَ غَيْرَ مَنْسُوخٍ كَيْفَ تَرَكَهُ

پھر اگر منسوخ نہ ہو یا رفع یدین کرنا تو کسطرح چھوڑتا اسکو

مِثْلُ هٰذَيْنِ الصَّحَابِيَّيْنِ فَنُجِيبُهُمْ

ایسے دو صحابی ش ۲ سو جواب دیتے ہیں ہم اس طور سے

اَنَّ مَا يُحْكٰى عَنْ عَلِيٍّ فَلَمْ يَصِحَّ بَلْ

کہ جو روایت ہے علی سے ش ۳ سو صحیح نہیں بلکہ

قَدْ صَحَّ خِلَافُهُ كَمَا بَيَّنَّاسَابِقًا وَاَمَّا

خلاف اسکے صحیح ہی جیسا کہ اس تقریر کو اوپر بیان کردیا اور

اِبْنُ مَسْعُوْدٍ فَلَمْ يَصِحَّ رِوَايَةُ

رہے عبد اللہ ابن مسعود سو نہیں صحت کو پہنچی روایت

اِنْكَارِهِ عَنْهُ بَلْ اِنَّمَا صَحَّ تَرْكُهُ

رفع یدین کے انکار کی انسے بھی بلکہ بس صحیح ہی ترک کرنا انکا

وَهُوَ لَا يُنَافِي مَطْلُوْبَنَا وَعَلٰى

اور انکا ترک کرنا منافی نہیں ہمارے مطلوبکو اور جس

تَقْدِيْرِ التَّسْلِيْمِ فَقَدْ

تقدیر پر کہ ہم مسلم بھی رکھیں انکے انکار کو کیونکہ ش ۴

ش ۲ یعنی ابن مسعود اور علی

ش ۳ یعنی عدم رفع کے باب میں

ش ۴ یعنی تو بھی قباحت نہیں *

خَفِي عَلَى الْاَجِلَّةِ مِنَ الصَّحَابَةِ

چھپ رہیں بڑے جلیل جلیل اصحاب پر

اَشْيَاءُ كَثِيرَةٌ قَدْ خَفِي عَلَى ابْنِ

بہت سی چیزیں بیشک چھپ رہا ابن

مَسْعُودٍ الْاَخْذُ بِالرُّكْبَةِ عَلٰى مَاسَلَفَ

مسعود پر گھٹنا پکڑنا رکوع میں جیسا کہ گذر چکا

وَخَفِي عَلٰى عَلِيٍّ اَيْضًا حُرْمَةُ بَيْعِ اُمَّهَاتِ

اور چھپ رہا علی پر بھی حرام ہونا اولاد والی

الْاَوْلَادِ وَعَلٰى عُمَرَ تَطْهِيرُ

لونڈیوں کے بیچنے کا (ش۲) اور مخفی رہا عمر پر مسئلہ جنابت

الْمُتَيَمِّمِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَمِثْلُ هٰذَا كَثِيرٌ

سے پاک ہونے کا تیمم کرکے اور ایسے مسائل بہت ہیں

عَلٰى اَنَّهُ قَدْ سَبَقَ اِتِّفَاقُ اَكْثَرِ

علاوہ اس کے کہ گذر چکا بیان اکثر اصحاب

الْكِبَارِ عَلَيْهِ كَاَبِي بَكْرٍ وَابْنِ عُمَرَ

کبار کے اتفاق کا رفع پر جیسے ابی بکر اور ابن عمر

ش ۲ ام ولد اس لونڈی کو کہتے ہیں کہ اپنے مالک کے نطفے سے بچہ جنے *

وَجَابِرٍ وَغَيْرِهِمْ وَهٰكَذَا مِنَ التَّابِعِيْنَ

اور جابر اور سوا انکے اور اسی طور اتفاق تابعین کا

وَقَالُوْا اَيْضًا اِنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابَهٗ وَ

اور یہہ بھی اعتراض کیا ہی کہ ابوحنیفہ اور انکے شاگرد

وَالثَّوْرِيّ وَابْنَ اَبِيْ لَيْلٰى

اور سفیان ثوری اور ابن ابی لیلی

وَاِبْرَاهِيْمَ مَعَ وُسْعَةِ عِلْمِهِمْ

اور ابراہیم نخعی باوجود اسکے بہت علم رکھیکے

وَتَفَحُّصِهِمُ الرِّوَايَاتِ سِيَّمَا

اور باوجود انکی جست وجو کے روایتوں میں خصوصا

الثَّوْرِيُّ فَاِنَّهٗ مِنْ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ

سفیان توری کہ وہ فن حدیث کے اماموں سے ہی

لَمْ يَقُوْلُوْا بِهٖ فَكَيْفَ تَحَكُّمْ

قایل نہ ہوئے رفع یدین کی حدیث کے اب کیسا کوئی حکم کرسکتا ہی

بِشُهْرَتِهَا فَنُجِيْبُهُمْ اَنَّهٗ

اسکے مشہور ہونیکا سو جواب دیتے ہیں ہم

رُبَّ عَالِمٍ وَسِيعِ الْعِلْمِ خَفِی

بہت سے عالم خوب سا علم رکھتے ہوئے چھپ رہا

عَلَيْهِ مَسْئَلَةٌ يَتَّفِقُ عَلَيْهَا وَيَكُون

انپر ایسا مسئلہ کہ جسپر اتفاق ہی اور ہوتا ہی

مَشْهُورَةً قَبْلَهُ فَإِنَّ مَالِكًا مَعَ كَوْنِهِ

مشہور انکے پہلے زمانے میں پھر امام مالک باوجودیکہ

أَعْلَمَ مِنَ الثَّوْرِيِّ عَلَى مَا يَشْهَدُ بِهِ

بڑے عالم تھے ثوری سے بھی بنا بر گواہی دینے

أَقْوَالُ الْفُقَهَاءِ قَدْ خَفِيَ عَلَيْهِ

اقوال فقہا کے اس امر پر مخفی رہا انپر مسئلہ

وَضْعُ الْيَدِ عَلَى الْأُخْرَى فِي الصَّلٰوةِ

ہاتھہ رکھنے کا دوسرے ہاتھہ پہ نماز میں

وَيُحْكَى أَنَّهُ حَكَمَ بِالْإِرْسَالِ

اور روایت ہی کہ امام مالک نے حکم کیا ہاتھہ چھوڑنے کا

مَعَ أَنَّهُ كَانَ مَشْهُورًا

باوجود اسکے کہ یہ مسئلہ مشہور تھا

فِی الْقَرْنِ الْاَوَّلِ وَاتَّفَقَ عَلَیْهِ اَکْثَرُ
پہلے زمانے میں اور اتفاق کیا ہی اسپر اکثر
اَلْعُلَمَاءِ فِی الْقُرُوْنِ الْاٰخِرِ وَقَالُوْا اَیْضًا
عالموں نے پچھلے زمانے میں اور یہہ بھی کہتے ہیں
اِنَّ هٰذَا الْفِعْلَ فِیْ هٰذِهِ الْبِلَادِ تَشْبِیْهٌ
کہ رفع یدین ان شہروں میں مشابہت ہی
بِالرَّوَافِضِ حَیْثُ تَرَکَ
رافضیوں سے اس لئے کہ ترک کیا ہی
شُیُوْعُ مَذْهَبِ الْحَنَفِیَّةِ فَلَمْ یَبْقَ
جماعتوں نے حنفی مذہب کی سو باقی نہ رہا
فَاعِلُوْهُ غَیْرُ الشِّیْعَةِ وَقَدْ قَالَ
کوئی کرنیوالا سواے شیعوں کے اور فرمایا
النَّبِیُّ صلعم اِتَّقُوْا مَوَاضِعَ التُّهَمِ
نبی صلعم نے بچتے رہو جگھونسے تہمتوں کی (ش ۲
قُلْنَا هٰذَا مِنْ قُصُوْرِکُمْ حَیْثُ
ہم کہتے ہیں کہ یہہ تمہارا قصور ہی جو تمنے

ش ۲ یعنی ایسا کام نہ کرو کہ اس سے کوئی بری تہمت تمکو لگے ❀

تَرَكْتُمُوهُ فَصَارَ شِعَارَ الَّهُمْ

رفع یدین اس حد پر ترک کیا کہ ہو گیا نشانی روافض کی

فَعَلَيْكُمْ بِالْاِتِّفَاقِ عَلٰى فِعْلِهٖ

سو تمکو چاہئے کہ اتفاق کرو رفع یدین کرنے پر

لِئَلَّا يَبْقٰى مُخْتَصًّا بِهٖ وَتَرْكُ السُّنَّةِ

تاکہ نہ رہے خاص روافض کا فعل اور سنت کا ترک کرنا

لِلتَّحَرُّزِ عَنِ التَّشْبِيْهِ بِالْفِرَقِ

گمراہ فرقوں کی مشابہت سے بچنیکو

الضَّالَّةِ غَيْرُ مَشْرُوْعٍ كَمَا اَخْرَجَ

شرع کی بات نہین جیسا کہ نکالا ہی

التِّرْمِذِيُّ فِيْ شَمَائِلِهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

ترمذی نے اپنی کتاب شمائل مین بیشک رسول اللہ

صلعم كَانَ يَسْدُلُ شَعْرَهٗ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ

صلعم نیچے چھوڑ دیتے تھے بال اپنے اور مشرک لوگ دستور تھا

يَفْرُقُوْنَ رُؤُسَهُمْ وَكَانَ يُحِبُّ

کہ چیر دیتے تھے اپنے سروں کے بال بیچ سے اور دوست

مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيْ

رکھتے تھے حضرت اہل کتاب کی موافقت کو اس جگہ کہ کچھ حکم

مَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ ثُمَّ فَرَقَ

نہوتا حضرت کو اس میں پھر چیر دیئے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلعم رَأْسَهُ وَرُوِيَ

رسول اللہ صلعم نے اپنے سر کے بال اور روایت کیا کسی نے

غَيْرُهُ أَنَّهُ فَرَقَ

سوائے ترمذی کے کہ حضرت نے چیر دیا سر کے بال

لِأَنَّهُ عَلِمَ أَنَّ التَّفْرِيْقَ

اسواسطےکہ معلوم کیا تھا سر کے بال چیر دینا

مِنْ سُنَنِ إِبْرَاهِيْمَ فَقَدْ أَحَبَّ

سنتوں سے ابراہیم کی ہی سو دوست رکھا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صلعم تَشْبِيْهَ أَهْلِ الْكِتَابِ

رسول اللہ صلعم نے مشابہت کو اہل کتاب کی

مَعَ كَوْنِهِمْ كُفَّارًا فِيْ مَا يُظَنُّ كَوْنُهُ

باوجود انکے کافر ہونگے اس چیز میں کہ خیال کیا تھا اسکے

مش ۲ یعنی پہلی بار جو بدل کرتے تھے*

مِنْ سُنَنِ الْاَنْبِيَاءِ السَّابِقِيْنَ

ہونے کا اگلے نبیوں کے سنتوں سے ش ۲

مَعَ اَنَّهُ لَمْ يُؤْمَرْ بِتَقْلِيْدِهِمْ فِيْ جَمِيْعِ

باوجود اسکے کہ حکم نہ تھا حضرت کو اگلے نبیوں کی تقلید کا سب

الْاَفْعَالِ فَكَيْفَ بِالسُّنَّةِ الَّتِيْ

کاموں میں سو کیا چھوڑتے ہیں ہم اس سنت کو معلوم

عُلِمَتْ سُنِّيَّتُهَا لِنَبِيِّنَا صلعم

ہو چکا اسکا ہونا ہمارے نبی صلعم کی سنت

فِيْ حَقِّنَا مَعَ اَنَّا لَا نَتَحَرّٰى تَشْبِيْهَ

ہمارے حق میں باوجود اسکے کہ ہمکو قصد بھی نہیں

الْفِرَقِ الضَّالَّةِ بَلِ اتُّفِقَتِ الْمُوَافَقَةُ

گمراہ فرقوں کی مشابہت کا بلکہ اتفاقی موافقت ہی

ثُمَّ اِنَّهُ صلعم تَرَكَ مُوَافَقَتَهُمْ

پھر آنحضرت صلعم نے ترک کیا موافقت کو اہل کتاب کی ش ۳

وَوَافَقَ الْمُشْرِكِيْنَ مَعَ اَنَّهُمْ اَسْوَءُ

اور موافقت کی مشرکوں سے باوجودیکہ یہ لوگ

ش ۲ انکے حضرت کو پہلے خیال ہوا تھا کہ فعل اہل کتاب کا جو بال نہ چیرنا تھا شاید سنت ہوگی کسی نبی کی *

ش ۳ اپنے بالوں کو نہ چیر کر پیچھے چھوڑ دینا *

حَالًا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ لَمَّا عَلِمَ

بہت برا حال رکھنے ہیں اہل کتاب سے جب معلوم کیا

كَوْنَ التَّفْرِيْقِ مِنْ سُنَنِ اِبْرَاهِيْمَ وَقَالَ

ہونیکو تفریق کے سنتوں سے ابراہیم کی اور کہا

بَعْضُ الْقَاصِرِيْنَ مِنْهُمْ اِنَّهُ نُسِخَ

بعضے ناسمجھوں نے انمیں سے کہ رفع یدین منسوخ ہے

بِقَوْلِهِ تَعَالٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ

قول سے اللہ تعالی کے جو یہ ہی کھڑے رہو اللہ کے

قَانِتِيْنَ اَيْ بِالتَّسْكِيْنِ وَالسُّكُوْتِ

روبرو ادب سے یعنے تسکین اور سکوت کے ساتھ

وَالْحَرَكَةُ خِلَافُ التَّسْكِيْنِ فَلَا يُفْعَلُ

اور حرکت خلاف ہی التسکین کے سو نہ کی جاوے

شَيْءٌ مِنَ الْحَرَكَاتِ اِلَّا مَا اشْتَهَرَ ثُبُوْتُهُ

کوئی حرکت میں سے مگر جو حرکت کہ مشہور ہے ثبوت اسکا

هٰذَا وَاِنْ كَانَ لَا يَلِيْقُ لِلْجَوَابِ لٰكِنَّا

یہہ قول اگرچہ لایق جواب کے نہیں ولیکن اسکے بھی

تَعَرَّضْنَا لَهُ قَضَاءً لِحَقِّ الْمَقَامِ

جواب کی طرف متوجہ ہوئے ہم پورا کرنیکو حق اس مقام کا

فَنَقُوْلُ اَوَّلاً هٰذَا اَيْضًا مِمَّا اشْتَهَرَ

سو ہم کہتے ہیں۔ پہلا جواب یہ کہ یہ بھی مشہور حرکتوں سے ہی

وَثَانِيًا اَنَّ الْقُنُوْتَ هُوَ تَرْكُ

اور دوسرا جواب یہہ کہ معنے قنوت کے عادت کی

الْحَرَكَاتِ الْعَادِيَّةِ لَا الْعِبَادَةِ وَاِلَّا

حرکتوں کا ترک کرنا ہی نہ عبادت کا ترک کرنا (ص ۲ یعنی) تو ص ۲ اگرچہ مشہور نہو

يَلْزَمُ اَنْ لَا يَدْعُوْ فِي الصَّلٰوةِ بِدَعْوَةٍ غَيْرِ

لازم آویگا دعا نکرنا نماز میں غیر

مَشْهُوْرَةٍ وَهُوَ بَاطِلٌ اِجْمَاعًا

مشہور الفاظ سے دعا کے اور یہہ بات باطل ہی اجماع سے

وَاَمَّا الثَّانِي اَيْ مَا يُوْرَدُ عَلَى

اور جو دوسری صورت میں ہے وہ اعتراضات کہ آتے ہیں

الرَّافِعِيْنَ مِنَ الْحَنَفِيَّةِ فَهُوَ

رفع یدین کرنیوالوں پر حنفی لوگوں سے سو یہہ ہی

أَنَّهُمْ قَالُوا الرَّافِعُ إِمَّا أَنْ يَكُونَ

کہ کہتے ہیں رفع یدین کرنیوالا ش۲ دو حال سے خالی نہیں

مُجْتَهِدًا أَوْ مُقَلِّدًا فَعَلَى الْأَوَّلِ

مجتہد ہوگا یا مقلد سو بر تقدیر مجتہد ہونے کے

لَا يَكُونُ حَنَفِيًّا وَيَكُونُ مُحْتَرِمًا

حنفی نہ رہیگا اور ہوگا دوسرا مذہب

لِمَذْهَبٍ آخَرَ غَيْرِ الْأَرْبَعَةِ فَإِنَّهُ

رکھنے والا سوا چاروں مذہب کے اس لئے کہ وہ

يَرْفَعُ وَالْحَنَفِيَّةُ يَمْنَعُونَ

رفع یدین کرتاہی اور حنفی لوگ رفع یدین کو منع کرتے ہیں

وَلَا يَقْنُتُ مَثَلًا وَغَيْرُ الْحَنَفِيَّةِ

اور مثلاً وہ قنوت ش۳ نہیں پڑھتا اور سوا حنفی مذہب کے

يَمْنَعُونَ عَدَمَ الْقُنُوتِ فَهَذَا

اور مذہب والے قنوت پڑھتے ہیں سو یہ

الْمَجْمُوعُ أَيِ الرَّفْعُ وَتَرْكُ الْقُنُوتِ

مجموعہ ملکر یعنی رفع کرنا اور قنوت چھوڑنا

ش ۲ یعنی حنفی ہوکر جو رفع یدین کریگا۔

ش ۳ یعنی صبح کی نماز میں *

لَمْ يَذْهَبْ اِلَيْهِ اَحَدٌ مِنَ الْاَرْبَعَةِ

کسی کا مذہب نہیں ان چاروں سے

فَيَكُوْنُ خَارِقًا لِلْاِجْمَاعِ الْمُرَكَّبِ وَاَيْضًا

تو ہوگا مخالف اجماع مرکب کا (ش ۲ اور

الْمُجْتَهِدُ فِيْ هٰذَا الزَّمَانِ اَعَزُّ مِنَ

مجتہد ہونا بھی تو اس زمانے میں زیادہ کمیاب ہے

الْكِبْرِيْتِ الْاَحْمَرِ فَمُدَّعِيْهِ كَاذِبٌ ظَاهِرًا

سرخ گندھک سے سو دعوا کرنیوالا اجتہاد کا صاف جھوٹا ہے

وَعَلَى الثَّانِيْ يَلْزَمُ

اور دوسری تقدیر پر (ش ۳ لازم آتا ہے

رُجُوْعُ الْمُقَلِّدِ عَنْ قَوْلِ مَنْ قَلَّدَهٗ

پھرجانا مقلد کا بات سے اپنے امام کی

وَهُوَ اَيْضًا خِلَافُ الْاِجْمَاعِ كَمَا قَالَ فِيْ

اور یہہ بھی خلاف اجماع کا ہے جیسا کہا کتاب

الْمُسَلَّمِ لَا يَرْجِعُ الْمُقَلِّدُ عَمَّا عَمِلَ

مسلم میں (ش ۴ اتفاق ہے علما کا کہ نہ پھر جاوے مقلد

ش ۲ اجماع مرکب اتفاق کو مذہب مختلفہ کے کسی بات کے امر یا نہی پر کہتے ہیں *

ش ۳ یعنے جو مقلد ہوکر رجوع بدین کرے *

ش ۴ یعنے مسلم الثبوت اور وہ کتاب ہے حنفی مذہب کے اصول فقہ کی *

بِهِ اِتِّفَاقًا وَقُلْنَا

اپنے امام کی بات سے جسپر عمل کر چکا اور ہم کہتے ہیں (ش ۲

لَا نُسَلِّمُ اَنَّهُ اِذَا كَانَ مُجْتَهِدًا

نہیں مانتے ہم اس بات کو کہ اگر کبھی مسئلے میں اجتہاد کرے

فِي مَسْئَلَةٍ لَمْ يَكُنْ حَنَفِيًّا فَاِنَّ كَثِيرًا

آدمی حنفی نہیں رہتا کیونکہ اکثر

مِنَ الْمُجْتَهِدِينَ كَالصَّاحِبَيْنِ وَزُفَرَ

مجتہد لوگ جیسے امام محمد اور امام ابو یوسف اور امام زفر

وَالطَّحَاوِيِّ وَالْجَصَّاصِ وَغَيْرِهِمْ كَانُوا

اور امام طحاوی اور امام جصاص اور سوا انکے حنفی تھے

مِنَ الْحَنَفِيَّةِ مَعَ اَنَّ اِجْتِهَادَهُمْ اَظْهَرُ

باوجود اسکے کہ اجتہاد کرنا انکا آفتاب سے زیادہ

مِنَ الشَّمْسِ وَلَا نُسَلِّمُ اَيْضًا

روشن ہے اور یہ بھی قائل ماننے کے نہیں کہ

اَنَّ تَرْجِيحَ مُجْتَهِدٍ فِي بَعْضِ الْمَسَائِلِ

ترجیح دینا مجتہد کا بعضے مسائل میں

ش ۲ یہاں سے جوابات ہیں اُن اعتراضوں کے جو حنفی مذہب لوگوں پر بسبب رفع یدین کرنیکے کرتے ہیں *

قَوْلَ مُجْتَہِدٍ وَفِي بَعْضِہَا قَوْلَ مُجْتَہِدٍ

ایک مجتہد کی بات کو اور بعضے مسائل میں دوسرے مجتہد کی

آخَرَ خَرْقَ الْاِجْمَاعِ بَلِ الْخَرْقُ لِلْاِجْمَاعِ

بات کو خلاف اجماع ہی بلکہ خلاف اجماع یہہ بات ہی

هُوَ اَنْ يَذْهَبَ اِلٰى قَوْلٍ فِي مَسْئَلَةٍ

کہ اختیار کرے ایک مسئلہ میں

وَاحِدَةٍ تُخَالِفُ لِاَقْوَالِ جَمِيْعِ مَنْ

ایسی بات کو کہ مخالف ہوے سبھی اگلون کی بات سے

سَلَفَ فَبِاَنْ تَعَدُّدَ الْمَسْئَلَتَيْنِ يَمْنَعُ

اس لئے کہ تعدد دو مسئلہ کا منع کرتا ہے

الْاِجْمَاعَ الْمُرَكَّبَ كَمَا هُوَمَذْكُوْرٌ

اجماع مرکب کو ش ۲ جیسا کہ یہہ بات مذکور ہے

فِيْ كُتُبِ الْقَوْمِ بَلِ التَّفْصِيْلُ

لوگون کی کتابون میں بلکہ تفصیل کرنا

فِيْ مَسْئَلَةٍ وَاحِدَةٍ مُشْتَمِلَةٍ عَلٰى

ایسے ایک مسئلے میں کہ جس میں کئی

ش ۲ یعنی جس بات پر چارون مذہب کا اتفاق ہو تو اجماع مرکب پایا جاےگا اور جہان خلاف ہوا اور دو مسئلے ہوئے اجماع مرکب کہان رہا *

شَرَائِطَ وَاَرْكَانٍ اخْتُلِفَ فِيهَا اِلٰى

شرطیں اور کئی رکن ہوں اختلاف ہوا ہے دو شرطوں

قَوْلَيْنِ فَاِثْبَاتُ شَرْطِيَّةِ

اور رکنوں میں دو قول کا ش۲ سو ثابت کرنا بعضی چیزوں کے

بَعْضٍ اَوْ رُكْنِيَّتِهِ مُوَافَقَةً

شرط ہونے یا رکن ہونے کا موافقت کرکے

بِقَوْلِ الْمُثْبِتِ وَنَفْيُ

ثابت کرنیوالے کی بات سے اور دور کرنا

بَعْضِهَا مُوَافَقَةً

بعضی چیزوں کی شرطیت یا رکنیت کا موافقت کرکے

بِقَوْلِ الثَّانِي لَيْسَ مِمَّا

دوسرے کی بات سے ش۳ نہیں ہی اس مسئلوں سے

اتُّفِقَ عَلٰى كَوْنِهٖ مُخَالِفًا لِلْاِجْمَاعِ

کہ اتفاق ہوا ہے کہ مخالف اجماع ہونے پر

كَمَا هُوَ مَذْكُوْرٌ فِي الْمُسَلَّمِ وَفِيْ شَرْحِ

جیسا کہ یہ مذکور ہی کتاب مسلم اور کتاب شرح

ش۲ اپنے کوئی قائل ہوا ہے کے رکن ہونیکا اور کوئی قائل ہو اسکے شرط ہونیکا کہ جیسی تکبیر تحریمہ بعضے رکن نماز کہتے ہیں اور بعضے شرط کہتے ہیں یا کوئی قائل ہو کسی بات کی فرضیت کا اور کوئی قائل نہو *

ش۳ جیسے نماز کا مسئلہ کہ اسکے فرائض بعضے تیرہ اور بعضے چودہ اور بعضے پندرہ اور بعضے سولہ کہتے ہیں اسمیں سے بعضے فرائض کو شرائط اور بعضے کو ارکان کہتے ہیں اگر کوئی تفصیل کرے اس مسئلے میں اور کہے کہ رعایت ترتیب فرض ہی جیسا امام زفر نے کہا اور لفظ سلام

الْمُوَافِقَ نَعَمْ الْاِتْيَانُ بِفِعْلٍ
سو اقف میں مگر اٰن کرنا کسی فعل کا
مُشْتَمِلٍ عَلٰى مُنَافِيَاتِهٖ بِالْاِجْمَاعِ
جو شامل ہو مفسدات پر اسکے اجماع کی رو سے ش ۲
وَاِنِ اخْتُلِفَ فِيْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهَا
گرچہ خلاف ہو علما کا ایک ایک میں اُن جبروں کے
خَرْقُ الْاِجْمَاعِ وَاَمَّا قَوْلُهُمْ
یہ بات خلاف اجماع ہی اور جو وہ کہا کرتے ہیں
اَلْمُجْتَهِدُ اَعَزُّ مِنَ الْكِبْرِيْتِ الْاَحْمَرِ
کہ مجتہد زیادہ کمیاب ہی سرخ گندک سے ش ۳
فَالْمُرَادُ بِهِ الْمُجْتَهِدُ الْمُطْلَقُ
سو مراد اسسے مجتہد مطلق ہی
وَاَمَّا الْمُجْتَهِدُ فِيْ مَسْئَلَةٍ وَاحِدَةٍ فَهُوَ
اور مجتہد کسی ایک مسئلے میں سو ایسا مجتہد کمیاب
لَيْسَ كَذٰلِكَ اِذْ لَا نَعْنِيْ بِهٖ اِلَّا
نہیں اس لئے کہ مراد ہماری مجتہد فی المسئلہ سے وہ شخص ہی

